منتخب کشمیری منظومات

تون خاصبه

جموّں و کشمیر

سلسلۂ منتخب کشمیری منظومات نمبر ۱

حبّہ خاتون

مصنّفہ و مؤلّفہ

امین کامل

کلچرل اکادمی
جمّوں و کشمیر

میں رنگ آمیزی اور حاشیہ آرائی کر کے جزئیاتی تفصیل کے ساتھ ترتیب دی گئی ہے۔

تنقیدی جائزہ

آج سے کوئی چھ سو سال پیشتر کشمیری ادب کی بنیادیں شیومت کی باکمال عارفہ للہ ایشوری اور مذہب و تصوف کے بے مثال مبلغ حضرت نور الدین ریشی کے قطعات (واکھوں) سے استوار ہوتی ہیں۔ اُن خارجی صبر آزما جھٹکوں کو سامنے رکھتے ہوئے جو کہ کشمیری زبان کو سہہ لینے پڑے۔ نہ صرف کشمیری ادب کی ضخامت اور تنوع ہی حیران کن ہے بلکہ یہاں کے شاعروں کی سخت کوشی اور غیر متزلزل ارادہ کی بھی تصویر سامنے آجاتی ہے۔ اس وسیع شعری سرمایہ کا اکثر و بیشتر حصہ عشقیہ یا رومانی گیتوں اور غزلوں پر مشتمل ہے جس کی طرح، جہاں تک ہماری نظر کام کرتی ہے، حبہ خاتون نے ڈالی ہے۔

حبہ خاتون کی رُوح کو سمجھنے کے لئے اُس تاریخی، معاشی اور معاشرتی فضا کو سمجھنا ضروری ہے جس میں وہ رات دن سانس لیتی رہی۔ کیونکہ ایک شاعرہ ہونے کے رشتے سے وہ اپنے وقت کی تاریخ اور ماحول کے اُتار چڑھاؤ سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتی تھی۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہمارے یہاں معیاری تاریخی معلومات کی بڑی کمی ہے جس کے باعث ہم جزئیاتی طور پر اخذِ نتائج کی اہلیت نہیں رکھتے ہیں۔ پھر بھی ہم حالات کی مجموعی اثر انگیزی تک کچھ نہ کچھ راہ پا سکتے ہیں۔ چناں چہ وہ سولھویں صدی کے اُن پُر آشوب ایام میں تھی جب کہ کشمیر کے چک خاندان کی

سلطنت زوال کی آخری ہچکیاں لے رہی تھی اور جس کو مغل شہنشاہ اکبر اعظم کی ایک ہی یلغار نے ہمیشہ کی نیند سُلا دیا۔

مغلوں کی یہ یلغار ایک طرف سے کشمیر کی قومی آزادی کا ایک الم ناک مرثیہ و جنازہ تھی، دوسری جانب سے اُس وقت کے سماجی و معاشی حالات کے پیشِ نظر یہاں کے عوام کے لئے قدرے خوش آیند زندگی کی بشارت تھی۔

اس سے اِنکار نہیں کہ مغلوں کے شاہی نظام کا قصر بھی جاگیر داری ہی کے ستونوں پر ایستادہ تھا۔ لیکن ایک ملک کے قومی توازن اور حد بندی کے استحکام اور تحفظ کے لئے جس مرکزی قوت کی ضرورت ہوتی ہے وہ اس میں غایت درجہ موجود تھی۔ اس کے برعکس کشمیر کی مرکزی حکومت کا شیرازہ بکھر چکا تھا۔ اور بڑے بڑے جاگیر دار بے پناہ اندرونی تضادات کا شکار ہو چکے تھے۔ اس اندرونی اُلجھن کے نتیجے میں شہر شہر اور گاؤں گاؤں میں قیامت کی دھاندلی مچی ہوئی تھی۔ روز نت نئی آویزشیں، تازہ دَم سازشیں اور ختم نہ ہونے والی خانہ جنگیاں اُودھم مچا رہی تھیں۔ کوئی سے دو جاگیر دار صبح متحد ہو کر شام کو دست و گریباں ہوئے بغیر نہیں رہتے۔

اس صورتِ حال کی شروعات شہمیری خاندان[1] کے سلطان فتح شاہ کے زمانہ ۱۵۱۴ء میں ہو گئی تھیں جب کہ وہ ملک کو چار حصے کر کے تین حصے سرخیل جاگیر داروں کے حوالے کرنے پر مجبور ہو گیا تھا۔ اس کے بعد سلطان محمد شاہ کے وقت ۱۵۲۹ء میں یہ ملکی تقسیم پانچ تک پہنچ گئی۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ نازک شاہ کے زمانہ ۱۵۴۰ء میں مرکزی بادشاہت بالکل برائے نام رہ گئی۔ چناں چہ ۱۵۵۴ء میں جب علی چک نے دربارِ عام میں اس خاندان کے آخری

[1] چکوں سے قبل کشمیر کا حکمران خاندان جو کہ ۱۳۴۳ء سے ۱۵۵۴ء تک برسر اقتدار رہا

تاجدار سلطان حبیب شاہ کے سر سے شاہی تاج زبردستی اُتار کر اپنے بھائی غازی چک کے سر پر رکھا تو بادشاہ کو مجالِ دَم زدن بھی نہ ہوئی۔

چکوں کے عہدِ حکومت میں اگرچہ یہ ملکی تقسیم اس ڈھنگ پر باقی نہ رہی، پھر بھی قومی توازن کا وہ بگاڑ جو کہ یہاں کے سیاسی ڈھانچے کو متزلزل کر رہا تھا اُن کے ہاتھوں سے بھی نہ رُک سکا۔ یہاں تک کہ ہر وہ تبدیلی جو کہ اس ڈھانچے میں اصلاح کے خیال سے کی جاتی تھی زوال و انحطاط ہی کی داخلی کیفیت پیدا کرتی تھی۔ ایسے ناساعد سیاسی حالات میں حبہ خاتون نے جنم لیا تھا۔[۱]

اس گھناؤنی تصویر کا ایک اور بھی رُخ تھا اور وہ یہ کہ شیعہ و سُنی فسادات کے باعث سارے مُلک میں ایک افراتفری اور ہلچل مچی ہوئی تھی۔ دونوں جانب سے بے شمار خون خرابہ ہو رہا تھا۔ یہ شیعہ تحریک ملک کو پانچ حصے کرنے والے سلطان محمد شاہ کے وقت میں شروع ہوئی اور اساسی طور پر سادات کے اقتدار کے خلاف جن کو امورِ سلطنت میں زبردست دست اندازی تھی، ایک بغاوت تھی۔ چک بھی اس تحریک میں شامل ہوئے اور اس کو اپنے حصولِ اقتدار کا ذریعہ بنانے لگے۔

سادات کا اقتدار چھن گیا اور حکومت (شاہی تخت و تاج تک) چکوں کے ہاتھ میں آگئی۔ لیکن مُلک کا نظم و نسق اور امن و امان کسی ٹھکانے نہ لگ سکا۔ کیونکہ اب دوسرے جاگیردار، جن میں سادات بھی شامل تھے

[۱] سنہ ۱۵۵۱ء۔ سنہ ۱۵۵۳ء کے درمیان

ان کے خلاف صف آرا ہو کر اپنے اقتدار کے خواب دیکھنے لگے۔ اسی صف آرائی کا نتیجہ تھا کہ یوسف شاہ چک کے وقت میں[1] سید مبارک شاہ بیہقی نے جو کہ سادات میں ایک بارسوخ شخصیت تھی تختِ شاہی پر قبضہ کر لیا۔ اگرچہ یوسف شاہ چک جلدی ہی اس کو دوبارہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ ایسے گلے سڑے نظام کے بدلے اُس وقت ایک ایسی حکومت کی ضرورت لاحق ہو گئی تھی جو کہ اندرونی تضاد کے شکار ان جاگیرداروں کی ریشہ دوانیوں کا خاتمہ کر کے ملک کو ایک مستحکم اور واحد نظام کے تحت لائے۔ مغلوں کی تسخیر نے، بے شک، یہ فریضہ انجام دیا۔

سیاسی انتشار لازمی طور پر ملک کے معاشی نظام پر اثر انداز ہوتا ہے۔ تاریخ[2] سے پتہ چلتا ہے کہ سلطان محمد شاہ کے وقت ہی سے یہاں کی معیشت درہم برہم ہو گئی تھی۔ کاشغریوں کے حملے کے نتیجے میں ۱۵۳۴ء کے خریف کی فصل تیار نہ ہو سکی۔ کیونکہ کسان اپنی جان کے لالے اِدھر اُدھر بھاگتے پھرتے تھے۔ ربیع کی فصل اس سے پہلے ہی جاگیرداروں کی اندرونی خانہ جنگیوں کے باعث لُوٹ کھسوٹ اور تباہ کاری کی نذر ہو گئی تھی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ۱۵۳۵ء میں ایک زبردست قحط پڑا جس میں بے شمار لوگ دم توڑ گئے۔ اس پر ملک کی غیر یقینی صورت حال کے پیشِ نظر ہر جاگیردار کی یہی کوشش رہتی تھی کہ اپنی جاگیر سے جس قدر دولت

[1] اُس وقت حبہ خاتون کی رسائی یوسف شاہ تک ہو گئی تھی اور وہ اُس کی مجالسِ سماع و سرود کی زینت بن گئی تھی

[2] افسوس ہے کہ ہماری کوئی "عمرانیہ سیاسی" تاریخ نہیں ہے

سمیٹ سکے، سمیٹ لے۔ کچھ تو اس خیال سے کہ کل اس کے ہاتھ میں یہ جاگیر رہے نہ رہے اور کچھ اس لئے کہ اُسے اپنے اور اپنی فوج کے مصارف کسی نہ کسی طرح پُورے کرنے تھے۔ صنعت و حرفت خاص کر شال بافی بالکل تحس نحس ہو چکی تھی اور اس سے وابستہ ہزاروں لوگ بے کار و بدحال در در کی بھیک مانگ رہے تھے۔ اسی میں ۱۵۷۶ء میں بے وقت کی برف باری سے ایک اور قیامت کا قحط پڑا جس نے تین سال تک گاؤں کے گاؤں ویران کر دئے۔ جس میں انسان، انسان کا گوشت کھانے لگے۔ اس قحط میں آبادی کے تین حصوں میں سے دو حصے اجل کا لقمہ بن گئے اور باقی جو بچے ان کو کچھ ہی عرصہ بعد ایک اور شدید قحط سالی سے دوچار ہونا پڑا۔ اس کے اثرات اس قدر رُوح فرسا اور درد انگیز تھے کہ اکبر اعظم کو سب سے پہلے اس قحط کا مقابلہ کرنے کے لئے ایک کروڑ دس لاکھ روپیہ کی رقم بطورِ امداد یہاں بھیجنا پڑی۔ کون کہہ سکتا ہے کہ حبہ خاتون کا یہ شعر اسی قحط کی طرف اشارہ نہ کرتا ہو—

اگر قدرت نہ دے اور قسمت یاوری نہ کرے
اس مُٹھی بھر چاول پر کسی کا کیا گذارہ ہوتا ہو گا

اس سیاسی اور معاشی بحران کے نتیجے میں اُس وقت یہاں کے تمدن و معاشرت کی عمارت، جو کہ جماعتی زندگی اور مقصد و عمل کے اتحاد سے تعمیر ہوتی ہے، مسمار ہو رہی تھی۔ اور اس کی جگہ لا طائل انفرادیت، اور نفسی نفسی کے رُجحانات پیدا ہو گئے تھے۔ کچھ لوگ حُسن کے مجرد تصور کی

پرستش کرتے ہوئے کُنجِ عزلت میں مست خیالی جنّت کی ہوا باندھنے لگے۔ اور کچھ لوگ جسمانی لذّتوں سے لُطف اندوز ہوکر حقیقت کو خوش گوار خوابوں میں دیکھنے اور پیش کرنے لگے۔ موخرالذکر رومان کی دُنیا ہونے کے اعتبار سے حیاتِ انسانی اور اس کے حقائق کے بہت قریب ہوتی ہے۔ حبہ خاتون کی شاعری اسی رومان کا ایک حسین مجموعہ ہے۔

حبہ خاتون کا پہلے راستے کے بجائے اس دوسرے راستے ہی کو اختیار کرنا اُس کی ذاتی زندگی کا ایک بدیہی نتیجہ تھا۔ ہر انسان کے خیالات، جذبات اور مقاصدِ حیات کو جہاں وہ لوگ سانچے میں ڈھالتے ہیں جن میں اُس نے پرورش پائی ہو، وہاں وہ گردوپیش بھی رنگ روپ دیتا ہے جس میں اس کی زندگی پروان چڑھی ہو۔ وہ تمام روایات جو کہ حبہ خاتون کی سوانح کے طور پر ہمارے سامنے آتی ہیں، اپنے تضاد اور تخالف کے باعث اس تجزیے کی صحیح بُنیاد نہیں بن سکتیں۔ البتہ اُس کے اپنے اشعار کی اندرونی شہادت زیادہ مفید مطلب اور معتبر ہوسکتی ہے۔ کیونکہ اُن سے ہم کسی ہچکچاہٹ کے بغیر نتائج اخذ کرسکتے ہیں۔ لیکن ایسا کرتے ہوئے بھی ہمیں صرف اُن ہی اشعار کو سامنے رکھنا ہوگا جن پر یہ اشتباہ نہ ہو کہ وہ اس کی تخلیق نہیں ہیں۔ ڈھونڈا ـــ

میرے میکے والے وقت[1] کے رُؤسا میں سے تھے

اسی لئے میرا نام حبہ خاتون مشہور ہوگیا

[1] اصل شعر میں لفظ "ارباب" آیا ہے۔ ارباب کشمیری زبان میں بہت بڑے خاندان یا وقت کے رئیس کو کہتے ہیں

میرے والدین نے مجھے کس لاڈ پیار سے پالا تھا
سینکڑوں آیائیں میری ناز برداری کرتی تھیں
میں نہ جانتی تھی کہ کبھی مجھے یہ بُرے دِن بھی دیکھنے پڑیں گے
اے کاش کسی کا بچپن یُوں گُم نہ ہو جائے !

ان اشعار سے اتنا تو واضح ہوتا ہے کہ حبہ خاتون اپنے وقت کے جاگیردار طبقے کی نہ سہی، ایک صاحبِ ثروت گھرانے کی چشم و چراغ ضرور تھی جو کہ ادبار و فلاکت کی زد میں آگیا تھا۔ چناں چہ اس کے کلام میں خاندانی تفاخر، ماضی سے محبت، نیم خام مذہبی شعور اور مبہم سی انسان دوستی کی قبیل کے جو خیالات ہیں یہاں وہاں بکھرے ہوئے نظر آتے ہیں وہ ذہنی طور پر یہاں ہی سے ورثے میں ملے ہیں۔ "اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ" ایسے گیتوں کی بُنیاد پر یہ رائے قائم کرنا کہ اگر وہ کسی معمولی کسان گھرانے کی لڑکی نہ ہوتی تو ایسے خیالات کیوں کر نظم کرتی، محض ایک سطحی سی بات ہے۔ اس کے برعکس وہ جب بھی اپنے بچپن کا ذکر کرتی ہے جب ہی اپنے آپ کو ایک اُونچے گھرانے کی لڑکی ظاہر کرتی ہے۔ اس میں شاعرانہ تعلّی بھی سہی، لیکن حقیقت سے دُور کی بات بھی نہیں ہو سکتی۔ کسانوں کے لوک گیتوں کے جو خیالات و عناصر اس کے یہاں پائے جاتے ہیں وہ صرف اس وجہ سے ہیں کہ وہ جس سماج میں پیدا ہوئی تھی اُس میں مختلف طبقے ایک دوسرے میں اس طرح گھُل مِل گئے ہوئے ہیں کہ اُن کی ہیئتِ ترکیبی اور خصوصیات ٹھیک سے الگ نہیں

ہو سکتیں۔ وہ ایک دوسرے سے بہت کچھ لیتے اور ایک دوسرے کو وسیع پیمانے پر متاثر کر دیتے ہیں۔

حبہ خاتون کا یہ خاندانی تفاخر بلا وجہ نہ تھا۔ وہ اس کے ذریعے ایک تو سامنت شاہی سماج میں اپنی ساکھ اور احترام برقرار رکھنے کی تمنائی تھی اور دوسرے گردشِ دوراں اور اپنی حرماں نصیب زندگی سے بیزاری کا بھی اظہار کرتی تھی ــــ

میرے والدین نے مجھے شہد و شکر میں پالا تھا
مجھے نہایا بھی جاتا تو منوں دُودھ سے
وہی میں ہوں اور آج کی یہ رہ نوردی
اے کاش کسی کا بچپن یُوں گُم نہ ہو جائے

اس حقیقت پر بھی غور کر لینا چاہیئے کہ حبہ خاتون کے پیشِ نظر اُس وقت کی زوال پذیر جاگیر شاہی اور اس کی خون آشام خانہ جنگیاں تھیں جس کے باعث سماج کے تمام شعبے اور اُن کے ڈھانچے لرز رہے تھے۔ آئے دِن کے حملے اور بُھک مری کی سانحات اپنی پُوری شدت کے ساتھ انسانی زندگی کی بُنیادیں ہلا رہی تھیں۔ اس پر اُس کی نجی زندگی، تھوڑے عرصہ کی فراغت نصیبی سے قطع نظر کر کے، اُس کے بچپن کی شاد کامی کے مقابلے میں پریشانی و حرماں کشی میں مبتلا تھی۔ ان حالات میں اس کے گیتوں میں داخلی اندازِ اظہار کے باوجود سارے گرد و پیش کے دُکھ درد اور تمنا و طلب کا اثر پیدا ہونا لازمی تھا۔ چناں چہ محبوب کی

THIS EBOOK IS DOWNLOADED FROM
SHAAHISHAYARI.COM

LARGEST COLLECTION OF URDU
SHERS, GHAZALS, NAZMS AND EBOOKS.

ناراضگی و بے وفائی، سوکن کی مکاری و رقابت، ازل کے لکھے ہوئے کے سامنے اظہارِ مجبوری و بے بسی، حسرت و یاس کے امتزاجی جذبات، ان ہی سماجی سانحات کے مجموعی اثرات کے کوائف و مظاہر ہیں —

اُس نے یہ کس خطا پر درانتی سے میرے جگر کے ٹکڑے کر دئے
کوئی اُس سے کہدو کیا یہی شرطِ وفاداری ہے
میں مر گئی تو میرے لئے دُنیا بھر کی خاک چھانتے پھرو گے
اے میرے محبُوب، میں تیرے لئے پھُولوں کا گجرا بناؤں گی!

یہاں تو سب ہی عاشق ہونے کا دم بھرتے ہیں — لیکن بتا تو سہی
کون ہے جو قسمت کے لکھے ہوئے کو بدلنے کی قوت رکھتا ہے۔ اے سہیلی

اے سہیلی، میری جو حالت ہوئی ہے اُس پر نہ ہنس
دیکھ، یہ میرا جسم کس قدر نحیف و نزار ہو گیا ہے!
اگر وہ اب بھی واپس نہ آئے تو میں کہیں کی نہ رہوں گی
یہ گوشت و پوست اُتر کر صرف ہڈیوں کا پنجرہ باقی رہے گا

تجھے میری کون سی سوکن بہکا کر مجھ سے چھین لے گئی
تجھے مجھ سے نفرت کیوں ہو گئی، اے میرے محبُوب!

Abarad Siddiqui Collection

بار اول، ۱۹۵۹ء

تعداد، ایک ہزار

قیمت، ۵۰/عہ

مطبوعہ، جیّد برقی پریس بلیماران دہلی

ان گیتوں میں ذاتی واردات قلب اور جذبات محبت کا بیان استعارات وکنایات میں آنے کی وجہ سے شدید قسم کی داخلیت پیدا ہوئی ہے۔ لیکن ذرا سی ژرف نگاہی سے ان میں خارجی زندگی کے نقوش آنکے جاسکتے ہیں۔

یہ تو ایک جملۂ معترضہ تھا۔ کہنا یہ ہے کہ بچپن کی آسودہ حال زندگی کے بعد حبہ خاتون کی شادی کسی جگہ ہوئی تھی جو کہ ناکام ثابت ہوئی۔ اس ناکامی کی وجوہات چاہے کچھ بھی ہوں، لیکن اس شادی کا ذکر اور اپنی سسرال کے ساتھ اس کی اَن بن، یہاں تک کہ یہ شادی اس کے خلافِ منشا ہونے کے اشارات تک اس کے اشعار میں نمایاں طور پر ملتے ہیں

حبہ خاتون کے اس اشارے کو سمجھو، اے بیدار دِل میکے والو
میری سسرال والوں سے بن نہیں جاتی، میری چارہ سازی
کرو، میرے میکے والو ———————

ایک دِن کسی نے مجھے دُور سے دیکھا
راہ گیر بن کر وہ میرے پیچھے پیچھے چلا آیا
میں گھر میں داخل ہوئی، لیکن بہانہ بنا کر اس کے دیکھنے کو پھر نکلی
افسوس کہ میں کسی اور ہی جگہ بیاہی گئی!

بچپن کی آسودگی اور شادی کی اس ناکامی کے احساس نے جذباتی طور پر اس کو اطمینان و راحت اور لذت و مسرت کے سہانے خواب

دیکھنے کی طرف راغب کیا۔ اِس پر واقعات کے کوئی بھی شکل اختیار کرنے کے نتیجے میں جب وہ یوسف شاہ چک سے وابستہ ہوئی تو عشق و محبت کی ارضی جولانیوں نے اُس پر رومان کی ایک وسیع شاہراہ کھول دی۔ یہاں میں تھوڑا سا تاریخی سہارا لینے کی پھر ضرورت محسوس کرتا ہوں۔ وَہوَ ہٰذا ـــــ

"یوسف شاہ چک اُس دِل کو روشن کرنے والی اور مسرتوں کی سرمایہ (حبہ خاتون) کی صحبت میں رات دِن مرغزاروں گلزاروں، پسندیدہ جگہوں اور دِل کش نظاروں میں بسر اوقات کرنے لگا۔ خصوصیت کے ساتھ گلمرگ، سونہ مرگ، اہرہ بل اور اچھہ بل کے پُر فضا مقامات میں دادِ عشرت دیا کرتا۔ اِسی بات کے پیش نظر لوگوں کی زبان پر "عیشِ یوسف شاہی" مشہور ہے۔"

(تاریخِ حسن کھویہامی۔ فارسی سے ترجمہ)

رات دِن کی یہ بے پناہ عیش کوشی اور عشق کی یہ بے اِنتہا خلش حبہ خاتون کی شخصیت پر کوئی جھوٹا خول چڑھانے کی اجازت نہیں دے سکتی تھی۔ کیونکہ جن لوگوں کے لئے وہ ایسا کرتی ان کے سامنے اُسکی زندگی بالکل عیاں تھی۔ اِس چیز نے اُس پر تصوّف کا راستہ بند کر دیا اور اِس کی شخصیت میں ایک گیرندہ صداقت پیدا ہو گئی۔ یہ صداقت اپنے ساتھ اظہار میں خلوص، آواز میں گداز اور فن میں دِل کشی لے آئی۔

ایک مدت تک یہ جذباتی زندگی بسر کرنے کے بعد اُس کے یہاں ایک زبردست ٹھہراؤ آگیا۔ یہ ٹھہراؤ سیاسی حالات کے پلٹا کھانے کا نتیجہ تھا، کیونکہ یوسف شاہ گرفتار ہو کر بنگال میں نظر بند ہو گیا۔ ساری بساطِ عیش اُلٹ گئی اور حبہ خاتون انتہائی مایوسی و بے چارگی کے عالم میں بے یار و مددگار ہوش رُبا فلاکت کی زندگی بسر کرنے لگی۔ اس کا اثر اُس کے گیتوں میں حزنیت کی شکل میں نمودار ہونے لگا ــــ

جب میری دُکان مال و متاع سے بھری ہوئی تھی
دُنیا بھر کے گاہک میری طرف دوڑتے آتے تھے
جب وہ متاع نہ رہی تو میری قدر بھی جاتی رہی
دِن ڈھلتے ہی وہ مجھ سے چھُوٹ کر چلا گیا

انتظار کی محرومی، جستجو کی ناکامی اور تنہائی کی وحشت ناکی نے اُسے رومان کے مرغزاروں سے اُٹھا کر تصوّف کے پُر پیچ اور خار آلود راستے پر ڈال دیا۔ لیکن اس راہ کی مسافر نہ ہونے کی وجہ سے اور ایک عرصہ تک جذباتی زندگی بسر کرنے کے باعث اس میں وہ فلسفیانہ گہرائی پیدا نہ ہو سکی۔ جو کہ للہ ایشوری اور شیخ نورُ الدین ریشی ایسے متصوّفین کے یہاں ملتی ہے، البتہ موت، فنا، پیری اور اس قبیل کے دوسرے نوحے ضرور اُبھر آئے ــــ

اپنی کلائیوں میں سونے کے کنگن نہ پہن
یہ دُنیا محض ایک حسین فریب ہے

مرنے سے پہلے ہی یہ پھر سے خالی ہو جائیں گی
دِن ڈھلتے ہی وہ مجھ سے چھُوٹ گیا
وہار کے ہتھوڑے کی ضرب سے نِکلا تو لوہا ہے
تُو بھی ذرا اپنے آپ کو پرکھ کر دیکھ
جس نے اس کو نہیں پرکھا وہ بالآخر پچھتائے گا
دِن ڈھلتے ہی وہ مجھ سے چھُوٹ گیا

تُو یہ دُنیا بھر کی دولت کہاں لادے پھرتا ہے
کل خالی ہاتھ تجھے قبر میں لِٹایا جائے گا
اے میری جوانی تو ٹھنڈا ہونے میں کیوں نہیں آتی
تجھے میری موت سے کیا مِلے گا اے میرے محبُوب؟

صوفی موت کو " لَا کے دریا میں نہاں موتی ہے اِلا اللہ کا " کے عقل واستدلال کے رشتے میں منسلک کر کے عینِ زندگی سمجھتا ہے اور اُس پر ہر وقت راضی برضا رہتا ہے۔ لیکن ان اشعار میں موت کا اظہار رَم ولرزہ کے آہنگ کے ساتھ ہوا ہے جو کہ وجدانی طبیعت اور جذباتی اندازِ فکر کی لازمی خصوصیت ہے۔

حبہ خاتون کے یہاں، ایک آدھ مثال کو چھوڑ کر، طلبِ وصال کے بدلے اکثر و بیش تر دردِ مہجوری کے پُرسوز نالے مِلتے ہیں۔ اس سے جہاں آواز میں کسی اُتار چڑھاؤ کی عدمِ موجودگی کے باعث ایک جیسی اُکتا دینے

والی فضا عود کرتی ہے اور شاعری کا دامن تنگ ہو جاتا ہے وہاں اس قسم کی آوازِ عشق اپنی پاکیزگی اور لطافت میں بے مثل ہوتی ہے۔ اسی دردِ مہجوری کا فیضان ہے کہ اس میں ایک جذباتی ہیجان پیدا ہوا جس نے اس کے انداز و اسلوب کو ندرت و جدت بخشی، جو کہ اس کی شاعری کا طرۂ امتیاز ہے اور جس کی صدائے بازگشت بعد کے تمام رُومانی شعرا کے یہاں سُننے میں آتی ہے۔ بلکہ میں تو یہاں تک کہوں گا کہ آج تک کے کم و بیش تمام شعرا نے اس اسلوب کی اثر آفرینی کو دیکھ کر محض تقلید کے لئے اس کی پیروی کی۔[1]

شاید یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ حبہ خاتون کے دِل میں جس عشق کی تڑپ تھی، جو اُسے فراق کے پُرسوز نغمے گانے پر اُکساتا تھا وہ ایک ایسے پیچیدہ مقام پر پہنچ چکا تھا جہاں اس کی تسکین کسی طرح ہونی ناممکن تھی۔ یہی وجہ ہے کہ شاہی مصاحبت کے اطمینان بخش ایام کا کوئی بھی ایسا گیت اُس کا نہیں مِلتا جس میں اس دردِ مہجوری کی کسک موجود نہ ہو۔ اس چیز کو اگر حبہ خاتون کی تحلیل نفسی کے زاویے سے دیکھا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ بچپن سے لے کر شاہی کاشانۂ طرب میں قدم رکھنے تک حبہ خاتون جس ذہنی پراگندگی اور اُلجھن کی شکار رہی وہ اس کی اتنی خوگر ہو چکی تھی (چاہے یہ زمانہ کتنا ہی مختصر کیوں نہ رہا ہو) کہ کسی بھی قسم کی ظاہری آسائش اس کے دِل کی ہیجانی کیفیت کی چارہ سازی

[1] موجودہ کشمیری غزل میں فکر و احساس کا نیا پن آنے لگا ہے

نہیں کر پائی تھی۔ یوسف شاہ کی داد و دہش، قدر دانی اور دولت و ثروت کے باوجود اُس کی یہ فطرتِ ثانی ذہنی آسودگی میں تبدیل نہ ہو سکی۔ اس کی ہیئتِ جذبات میں، اُس کے طرزِ فکر میں اور اس کے طریقِ اظہار میں جو مخصوص نظم و ترتیب پیدا ہو چکی تھی اُسے پھر سے اِنتشار دے کر ایک نئی تعمیر کے سانچے میں ڈھالنا انسانی بس کی بات نہیں تھی خصوصاً جب کہ گرد و پیش کے عام حالات متوازن ہونے کے بجائے ہنگامہ و فساد کی زیادہ بھیانک صورت اختیار کر رہے تھے۔

حبہ خاتون کے اشعار میں محبت کے بے پناہ جذبے کا اظہار جس انداز سے ہوا ہے وہ اس قدر ہمہ گیر اور وسیع ہے اور اُس میں وہ آفاقی خد و خال سمٹ آئے ہیں جو کہ ادب اور احساسِ حُسن کو ایک کر کے ابدی بنا دیتے ہیں اور جس کی تازگی زمانے کی تبدیلی اور حالات کے ادل بدل پر بھی سالم و ثابت رہتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی جب کہ زمانہ کہاں سے کہاں جا پہنچا ہے۔ جب کہ گرد و پیش کی فضا کی کیفیتیں بدل گئی ہیں، جب کہ پیداواری رشتوں میں بھی کافی تبدیلیاں آگئی ہیں۔ یہ اشعار ہمیں متحرک کرتے، ہمیں سکون پہنچاتے اور ہم سے اپنا احترام کروا لیتے ہیں۔ اُس کے ان آفاقی رُجحانات کے آئینے میں ہم اُس کی ذہنی رغبتوں اور اُمنگوں کی تصویر بھی دیکھ سکتے ہیں۔ وہ سراپا محبت تھی اور محبت ہی کی طلب گار رہی۔ اس کے نزدیک اس محبت کا درجہ ارضی ہو کر بھی بہت کچھ بلند رہا ہے جس کا اظہار اس کے اشعار میں جا بہ جا مِل سکتا ہے۔

میں نے ایک ہی نشست میں تمام قرآنِ پاک پڑھ ڈالا
کسی بھی جگہ ذرہ بھر بھی زیر و زبر کی غلطی نہ کی
لیکن عشق کی کتاب کوئی بھی ایک آن میں نہ پڑھ سکا
تجھے میری موت سے کیا ملے گا، اے میرے محبوب؟

حبہ خاتون کے عشق و محبت اور روماں بھرے گیتوں کی خوبی، ان کا سوز و گداز، جذباتی لب و لہجہ، صوتی اور لفظی ترنّم، ہلکے پھلکے اور عام فہم خیالات اور وہ نسوانی آہنگ ہے جس کو محسوس تو کیا جا سکتا ہے لیکن بیان کرنا مشکل ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب کہ فارسی زبان کے اقتدار کی وجہ سے کشمیر کے تمام شاعر اپنی مادری زبان کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھتے تھے بلکہ اس میں طبع آزمائی کرنا کسرِ شان سمجھتے تھے، حبہ خاتون کے یہ گیت جہاں کشمیری زبان کی زندگی کے ضامن بن گئے وہاں عام لوگوں خاص کر عورتوں میں مقبول ہو کر اُن کے دلوں کو غمِ دوراں برداشت کرنے کی قوت بھی بخشتے رہے۔

منتخب کلام

شعر سوز و گداز، جذبہ و تاثیر اور ترنم و شگفتگی سے عبارت ہے اور ترجمہ کے ذریعہ ان چیزوں کی ترسیل ممکن نہیں۔ حبہ خاتون کے یہ گیت محبت کی ماری ایک عورت کے محض پُر درد اور حسّیہ جذبات ہیں جن کا بوجھ ترجمہ سے سہا نہیں جا سکتا۔ میں کوشش کروں گا کہ ایسا ممکن ہو جائے، چاہے اس کے لئے مجھے لفظی ترجمہ سے قدرے انحراف بھی کرنا پڑے، لیکن اتنا نہیں کہ اصل سے دُور جا پڑے یا کوئی نئی بات پیدا ہو جائے۔

ولو میانِہ پوشے مدنو

دِل نِتھ رُڈُ ھتم گوشے
ولو میانِہ پوشے مدنو

ولہ وٕنیسے گژھوے ہِی یے   یِس مرِہ سُہ کتِہ یِی یے
پرٛاران چھس چیانِہ زِی یے   ولو میانِہ پوشے مدنو

ولہ وٕنیسے گژھوے ہندے   لانِہٕ نیاے کتِہ اَندے
لگہ مُتی کُڈانس رندے   ولو میانِہ پوشے مدنو

ولہ وٕنیسے گژھوے برے   چھوک مے لوے نم تبرے
کانژھاہ سُوزُنم نِہٕ خبرے   ولو میانِہ پوشے مدنو

ولہ وٕنیسے گژھوے گرٛیژھے   لگہ مُتی تجنس زرٛیژھے
ترمَن تے میُون ہیُو گژھے   ولو میانِہ پوشے مدنو

"اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ"

مجھ سے میرے دل کو چھین کر کہاں چلے
اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ

آ اے سہیلی، جوہی کے پھول توڑیں۔ مر گئے تو یہ زندگی کہاں نصیب ہوگی
میں تو اس کی آسودہ حالی کی تمنائی ہوں۔ اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ
آ اے سہیلی "سلاد" کا ساگ چننے جائیں۔ قسمت کا یہ جھگڑا کہاں سلجھ پائے گا
مجھے تو جگ ہنسائی نے کہیں کا نہ رکھا۔ اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ
آ اے سہیلی ریحان کے گچھے لانے جائیں۔ اس نے میرے جگر کو کلہاڑی سے گھائل کر دیا
پھر کسی کو میری عیادت تک کے لئے بھی نہ بھیجا۔ اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ
آ اے سہیلی کریڑھ کے پتے اکٹھا کرنے جائیں۔ ناسمجھ لوگ میرا مذاق اڑانے لگے ہیں
ان پر بھی ایسی آفت آئے تو پتہ چل جائے۔ اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ

فہرست:-

سوانحی حالات ۵
تنقیدی تبصرہ ۱۱
منتخب کلام ۲۷

وَلہِ وِنّیسے گرٹھوَے وَن تے گوکَوبُرہی ہَس کن تے
تی یُوز تمُرسَادَن تے دلو میانہِ پوشے مَدنو
وَلہِ وِنّیسے دَسہ وَے بون تے کہنہ کُوہی دِمہ سَے سون تے
سون میوُن دہن مُہرن تے دلو میانہِ پوشے مَدنو
ولہِ وِنّیسے گرٹھوَے آبس دُنیا چھُہ نِندرِہ تہِ خابس
پڑاراں چھَنیو جوابس دلو میانہِ پوشے مَدنو
ولہِ از دِی تراومیائنی چھَم مَنہِ کامن چپائنی
آخِر چھُہ دُنیا فائنی دلو میانہِ پوشے مدنو

آ اے سہیلی جنگل سے لکڑی کاٹ کر لائیں۔ اُسے لوگوں نے نہ جانے میرا کیا کہا سُنایا

اُس ناداں نے اُن کی باتوں پر کان دھر لیا۔ اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ

آ اے سہیلی پہاڑ کی ترائی کی اور اُتریں۔ میں اپنے کانوں کا سونا اُس پر نچھاور کروں

میرا یہ سونا پورے دو اشرفیوں کی قیمت کا ہے۔ اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ

آ اے سہیلی پنگھٹ پر پانی بھرنے جائیں۔ دیکھ کر دُنیا نیند اور سپنوں میں کھو گئی ہے

میں اُس کی ایک پُکار کی مُنتظر ہوں ـــــ اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ

اے محبوب مجھ سے یہ نفرت کرنا چھوڑ۔ میرے دِل میں بس ایک تیری ہی محبّت ہے

آخر اس دُنیا کو چھوڑ کے جانا ہے۔ اے میرے پھولوں کے متوالے ساجن آ

چھُمے بالے تمنّا

ٹھوونمَ رُمہِ رُمے

چھُمَے بالے تمنَا

دوسہِ بیٹھو دُچھوُنے توسہِ یونہِ پرگنڈسے

غوصہِ کیاہ رڈوڈوُ نمَے چھُمَے بالے تمنا

بَرَہ کِنو دُچھوُنمے گھرہ کمُو ہو دُنسے

ذرہِ ذرہِ ٹھوو دُنمے چھُمَے بالے تمَنا

دارہِ کِنو دُچھوُنمے کارہِ دوگنو دُر دآنی

تارہِ دِل کورُنمے چھُمَے بالے تمَنا

دوگہِ بیٹھو دُچھوُنمے شوگہِ لاگِتھ بُولنمَ

روگِہ روگہِ گوم گمُے چھُمَے بالے تمَن

میں دُکھیاری اُس کی تمنّائی ہوں!

اُس نے میری رگ رگ میں عشق کی تڑپ پیدا کی

میں دُکھیاری اُس کی تمنّائی ہوں

اُس نے دیوار پر سے مجھے آنکا میں اس کے سر پر بڑھیا دستار باندھ لوں

(پھر) نہ جانے وہ مجھ سے رُوٹھ کیوں گیا! میں دُکھیاری اُس کی تمنّائی ہوں

اُس نے میرے دروازے سے مجھے آنکا۔ نہ جانے اُسے میرے گھر کا پتہ کِس نے بتایا

(پھر) وہ مجھے اس قدر تڑپا کے کیوں چلا گیا! میں دُکھیاری اُس کی تمنّائی ہوں

اُس نے میری کھڑکی سے مجھے آنکا۔ وہی جو میرے کانوں کا جھومر ایسا حسن ہے

اُس نے میرے دِل کو اضطراب میں ڈال دیا۔ میں دُکھیاری اُس کی تمنّائی ہوں

اُس نے چھت کی روزن سے مجھے آنکا! پرندے کی سی آواز بنا کر مجھے متوجہ کر دیا

(پھر) دَبے پاؤں وہ مجھ سے کہیں گم ہو گیا۔ میں دُکھیاری اُس کی تمنّائی ہوں

یارٕ بَلہٕ وُچھُونَے   یارٕ کرُنَس آرٕ وَل
نارٕ یان زو کُنیَے   چھُرُمَے بالے تمنا
پُٔت زُونہِ وُچھُونَے   مُوّت لاگِتھ کوّت آم
نوّت کٕوہ لوگُونَے   چھُرُمَے بالے تمنَا

اُس نے پنگھٹ پر مجھے آنکا   مجھ سُرخ گلاب کو مُرجھا کے رکھ دیا !
میرا تن بدن عشق کی آگ سے جلا ڈالا۔ میں دُکھیاری اُس کی تمنائی ہوں
اُس نے پچھلے پہر کی چاندنی میں مجھے آنکا۔ وارفتہ ہو کر وہ میری ٹوہ میں لگا رہا
وہ اِتنی پست سطح پر کیوں اُتر آیا؟ میں دُکھیاری اُس کی تمنائی ہوں

کانِسہ مار اَوِن شوُرے پان

تلُو نار چھُسم لَلہٕ وٕن موُرے

کانُہِ مار اَوِن شوُرے پان

مأجی ماجہِ ژھینَس قندہ کستوُرے

دودھہ اُسم تتَہٕ ناوال

سُوی پان لوٗگ مارہ مُسافوُرے

کانُہِ مار آوِن شوُرے پان

مأجی ماجہِ ژھینَس مولہٕ کیاہ وُورے

ساسہ بَرٕہ ژو نٕزہ آسم شُلہٕ دان

میٖہہ نو زانیو لوٗدمُت نوُرے

کسی کا بچپن یُوں گُم نہ ہو جائے

میرا تن بدن بھسم کرنے والی آگ میں تپ رہا ہے

اے کاش کسی کا بچپن یُوں گُم نہ ہو جائے

میرے والدین نے مجھے شہد و شکر میں پالا تھا

مجھے نہایا بھی جاتا تو منوں دُودھ سے !

وہی میں ہوں اور آج کی یہ رہ نوردی

اے کاش کسی کا بچپن یُوں گُم نہ ہو جائے

میرے والدین نے مجھے کس لاڈ پیار سے پالا تھا

سینکڑوں آیائیں میری ناز برداری کرتی تھیں !

میں نہ جانتی تھی کہ مجھے یہ بڑے دِن بھی دیکھنے پڑیں گے

کاٹنِہ ما راٗوِن شوٗرے پان

ماٗلی ماجہِ تراٗونس سبقس ڈوٗرے
ادخنن وٗولنم موٗرے پان
عاڈِہ زٗدسی تُکُرنم نارہ تنٗبوٗرے

کاٹنِہ ما راٗوِن شوٗرے پان

ماٗلی ماجہِ ہرشاپس یکہِ ڈوٗرے
پتہٕ پتہٕ دٗرایم ولیہ دِنہٕ وان
ہولہٕ گوم اندرِی لولہٕ نالوٗرے

کاٹنِہ ما راٗوِن شوٗرے پان

ماٗلی ماجہِ ونٗونم ڈٗیکہٕ بڈٗی کوٗرے
واٗریو آنگنہٕ چھی پرٗاران
رنگہٕ ڈولہٕ آسم رُو بہ کوٗندوٗرے

کاٹنِہ ما راٗوِن شوٗرے پان

بُہ چھسے یتہٕ تے ژٕہ چھہم ڈوٗرے
دوٗ شوٗے دٗرایے جاٗنی جان
میٗنہٕ نو زانیو لوٗدمُت لوٗرے

اے کاش کسی کا بچپن یُوں گم نہ ہو جائے

میرے والدین نے مجھے بہت دُور تعلیم پانے کے لئے بھیجا
مُلّا (اُستاد) نے میری مار کٹائی میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی
بے رحم نے میری ہڈی پسلی ایک کر کے رکھ دی

اے کاش کسی کا بچپن یُوں گم نہ ہو جائے

میرے والدین نے جب میری شادی کہیں دُور کر دی
سہیلیاں مجھے سُہاگ گھوڑیاں گاتی رہیں
میں محبّت کی ماری دِل ہی دِل میں نوحہ سرا تھی

اے کاش کسی کا بچپن یُوں گم نہ ہو جائے

میرے والدین نے مجھے کہا" اے قسمت والی بیٹی
اُٹھ کہ تیری سُسرال والے آنگن میں تیرے منتظر ہیں"
میری رنگیں ڈولی کے بانسوں پر چاندی کے خول چڑھے تھے

اے کاش کسی کا بچپن یُوں گم نہ ہو جائے

میں یہاں ہوں اور تُو مجھ سے بہت دُور
ہم دونوں ایک دوسرے کے کتنے شیدائی تھے
کسے معلوم تھا کہ یہ بنی بنائی عمارت ڈھ جائے گی

سوانحی حالات

حبہ خاتون کشمیری زبان کی ایک ممتاز شاعرہ ہے اور کشمیری موسیقی کی رُوحِ رواں بھی۔ اس کے گیت آج بھی کسانوں کی تھکن دور کرتے ہیں اور راگ و رنگ کے دِلدادہ اربابِ ذوق کی محفلوں کو گداز بخشتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود اس کی زندگی کے حالات ماضی کے دھندلکوں میں کچھ اس طرح چھپے ہوئے ہیں کہ تیز بینی کے باوصف ٹھیک سے کوئی پہلو اُجاگر نہیں ہوتا۔ یہ صورت حال صرف اسی شاعرہ کے ساتھ نہیں بلکہ آج سے صرف چالیس پچاس برس پہلے کے کشمیری شاعروں کے ساتھ بھی ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ کشمیری عوام کی اکثریت اَن پڑھ ہے۔ یہ لوگ اپنی پسند کے اشعار ایک دوسرے سے سُن سُنا کر حفظ کرتے اور انہیں سینہ بہ سینہ محفوظ کرتے جاتے ہیں۔ ان کی بُنیادی غرض چونکہ اپنے ذوق و وجدان کی تسکین ہوتی ہے اس لئے شعرا کے سوانحی حالات جاننے سے زیادہ اشعار کے حفظ ہی پر اکتفا کرتے ہیں۔ حُسنِ اتفاق سے اگر ان اشعار کے مقطع میں شاعر کا نام آیا تو محفوظ رہا۔ نہیں تو کچھ مُدت کے بعد یہ جاننا مشکل ہو جاتا ہے کہ وہ کس کے کہے ہوئے اور کس وقت کی پیداوار ہیں۔

حبہ خاتون کے متعلق جو تاریخی مواد ہمیں دست یاب ہوئے ہیں اُن میں اس قدر اختصار و اختلاف ہے کہ ان کی روشنی میں ہم اس کی زندگی پر کوئی بھرپور نظر

[1] راست کشمیری" جو کہ کشمیری موسیقی کا ایک اہم مقام ہے حبہ خاتون ہی سے منسوب ہے۔ اس کے گانے کا وقت رات کا چوتھا پہر ہے۔

کاتِنہ ما راٲوِن شوٗرے پان

دَے نے دِیہِ تے ڈیکّہ نے پوٗرے
دَے مُژ آسیٚا کاٹِنہ پوشاں
ہوے چیٚو حَبہٕ خوتوٗ نہٕ ڈوٗرہ ڈوٗرے

کاتِنہ ما راٲوِن شوٗرے پان

اے کاش کسی کا بچپن یُوں گم نہ ہو جائے

اگر خدا نہ دے اور قسمت شاملِ حال نہ ہو
اس مٹھی بھر چاول سے کسی کا کیا گذارہ ہوتا ہوگا
جب خاتون نے شرابِ عشق کے جام کے جام لنڈھائے

اے کاش کسی کا بچپن یُوں گم نہ ہو جائے!

لالو کلہٕ آلہٕ وَے

آلو چیٚانہِ بہٕ دو بکٕہ

لالو کلہٕ آلہٕ وَے

کھیٚتو دۄدہٕ بَتہٕ بیہٕ آلہٕ
چیٚتو پیٚالہٕ پَیا پےَ
کرٕہ یو آرٕہ وَلن مالہٕ

لالو کلہٕ آلہٕ وَے

دۄدہٕ ہَرٕ رۄ پہٕ تنےٚ مَلہٕ
میٚہہ چیاٝذ کل گنے یَم
ژٕندَن وانہِ بہٕ تن چھَلہٕ

لالو کلہٕ آلہٕ وَے

آ میں تجھ پر سر قربان کروں

تیری ایک پکار میرے دکھ درد کی دوا ہے

اے محبوب آ، میں اپنا سر تجھ پر قربان کروں

"دودھ اور کدو" سے بنی ہوئی لذیذ نعمت کھا

اور پھر جام پر جام چڑھائے جا

میں تیرے لئے گلِ سُرخ کی مالا بناؤں گی

اے محبوب آ، میں اپنا سر تجھ پر قربان کروں!

میں اپنا یہ سیمیں بدن (کیوں نہ) دودھ میں نہلاؤں گی

مجھے تیری محبت بھری یاد آنے لگی

میں صندل کا پانی اپنے آپ پر چھڑکوں گی

اے محبوب آ، میں اپنا سر تجھ پر قربان کروں

بالَس زُون لۭجِس ژھَلہٕ
ژیٚہہ کِتہٕ زوٕ لہٕ گُمُژ چھےَ
برٛونٛزا چھَس تہٕ پٔتو ڈٕلہٕ

لالو کلہٕ آلہٕ وَے

طوطِس بیوٚر زاگاں ژھَلہٕ
میٚہہ تَس پان پُشرُمےَ
موتَس نِشہ کتوٗ ژَلہٕ

لالو کلہٕ آلہٕ وَے

خوف ہیٚتھ گھرٕ کتوٗ وٕزاکھ
نحوٚ فتن کونہٕ گُذارِ یوتھ
حبٕہ خوتونِہ وَنُوی بالہٕ[۱]

لالو کلہٕ آلہٕ وَے

[۱] یہِ لفظ تۆرُم نہٕ فِکرِ کیاہ گو۔ کینہہ چھہ اَتھ "بَلہٕ" تہٕ کینہہ "بالہٕ" گیوان

میں پہاڑ کی اوٹ میں غروب ہونے والے چاند کے مانند ہوں

نہ جانے تیری آنکھ کہاں لگ گئی (کہ اب بھی نہیں آتے)

میں چند لمحوں کی مہمان ہوں، پھر ہمیشہ کے لئے چھپ جاؤں گی

اے محبوب آ، میں اپنا سر تجھ پر قربان کروں

بلّی (ہر حال میں) پرندے کی تاک میں لگی رہتی ہے

میں نے اپنا آپ اُس (خدا) کے حوالے کر دیا

موت سے کوئی بچ کر کہاں جا سکتا ہے

اے محبوب آ، میں اپنا سر تجھ پر قربان کروں

تُو خوف کے مارے گھر سے باہر کیوں نکلا تھا

رات وہیں کیوں نہ بسر کی ؟

حبہ خاتون نے "اشارے"[1] میں یہ بات کہی

اے محبوب آ، میں اپنا سر تجھ پر قربان کروں

[1] یہاں جو کشمیری لفظ ہے اُس کا صحیح مفہوم سمجھ میں نہیں آتا ہے

لدیو داأن پوش ته هی

ژیهه ږوس دین کینهو بھریو مَد نو

مَد نو لدیو داأن پوش ته هی

ژهاران نوسس که هه نی ودِه نو
ڈیِ توس ژیهه کموَ پَر زَے پچھے
پیته مو بالہِ چھمَ میهه چیاأنی لادنو

مَد نو لدیو داأن پوش ته هی

هانژِہ کمہِ دراانژِہ سیتی کتژُنمَ بدَنو
ڈیِ توس بال یلہِ راوَے بو
اَسمان تہ زمین واتکھ اَدِہ نو

مَد نو لدیو داأن پوش ته هی

THIS EBOOK IS DOWNLOADED FROM
SHAAHISHAYARI.COM

LARGEST COLLECTION OF URDU
SHERS, GHAZALS, NAZMS AND EBOOKS.

پھولوں کا گجرا

تیرے بغیر میں دِن کیسے گذاروں اے محبوب!

اے میرے محبوب، میں تیرے لئے پھولوں کا گجرا[1] بناؤنگی

میں جنگل جنگل اُس کی تلاش کرتے کرتے تھک گئی

اُسے کہدو کہ تُو یہ کن پرائی عورتوں کے ساتھ سرمست ہے

آ کر مجھ دُکھیاری کو تیری محبّت و انتظار ہے

اے میرے محبوب، میں تیرے لئے پھولوں کا گجرا بناؤنگی

اُس نے یہ کس خطا پر درانتی سے میرے جگر کے ٹکڑے کر دئے

اُسے کہدو کہ جب میں موت سے ہم آغوش ہو جاؤں گی

پھر میرے لئے دُنیا بھر کی خاک چھانتے پھرو گے

اے میرے محبوب، میں تیرے لئے پھولوں کا گجرا بناؤنگی

[1] کشمیری شعر میں "انار اور جوہی کے پھولوں کا گجرا" ہے جس کو ترجمے میں مَیں نے صرف "پھولوں کا گجرا" رکھ دیا

عنٛیسہٕ چھمُ ہِنٛزٕ پھیران، وٕنٛد وتھم مَد نو
ڈُپی توسس رُوزِس ہِنٛزٕ اَدائی
حبہٕ خوتونہِ چھمُ وَدنس ژھیّد نو

مَدنو لَدیو دأن پوشس تہٕ ہی

نہیں ڈال سکتے۔ سب سے پرانی شہادت پنڈت بیربل کاچرو کی ہے۔ جس نے حبہ خاتون کے کوئی ڈھائی سو سال بعد کشمیر کی ایک تاریخ لکھی ہے۔ اس سے پیشتر کے تمام وقائع نگار اس سلسلہ میں بالکل خاموش ہیں۔ پنڈت کاچرو لکھتا ہے

یوسف شاہ چک[1]، حبہ خاتون نام کی ایک محبوبہ[2] سے، جو کہ حسن و جمال اور لہجہ و آواز میں بے مثل تھی، صحبت رکھتا تھا۔ تفصیل یہ ہے کہ اس کے آباؤ اجداد پرگنہ دَہو (پانپور) کے گاؤں چندہار کے رہنے والے تھے۔ جب وہ سنِ بلوغ کو پہنچی تو اُس کی شادی اپنے ہی خاندان میں کر دی گئی۔ کچھ عرصہ کے بعد اپنی اقتضائے طبیعت کے باعث وہ کشمیری اشعار گانے لگی۔ جس پر اس کی سسرال کے تمام چھوٹے بڑے اس کو لعنت و ملامت کرنے لگے۔ آخر ایک دن اُس کی سرچادر کے پلو میں خلع نامہ باندھ دیا گیا اور اُسے اس کے خاوند کے ہمراہ کسی بہانے گھر سے نکال کر میکے کی طرف روانہ کر دیا گیا۔ اثنائے راہ میں جب یوسف شاہ کے ملازموں نے اس کی شکل و صورت کو دیکھا اور اُس کی آوازِ شیریں کو سنا تو انہوں نے اسی وقت حضور[3] ولی نعمت کے پاس اسے پہنچا دیا۔ وہ اس کے حسنِ صورت پر ہزار جان سے فریفتہ ہوا اور اُسے اپنی ہم بستری کا شرف عطا کیا۔"

(فارسی سے ترجمہ)

[1] کشمیر کا آخری خود مختار بادشاہ جو کہ حد درجہ کا عیاش اور رنگیلے مزاج کا آدمی تھا۔ عہدِ حکومت ۱۵۷۹ — ۱۵۸۵ء

[2] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حبہ خاتون کو ملکہ کا درجہ حاصل نہیں تھا۔ تاریخوں میں والیٔ کشتواڑ کی بیٹی کو یوسف شاہ کی ملکہ بتایا گیا ہے جس کے بطن سے یعقوب شاہ ہوا تھا

[3] ابھی یوسف شاہ کی تاج پوشی نہیں ہوئی تھی

وہ اپنی خود آرائی میں مست، مجھ سے بے خبر ہے

اُسے کہدو، کیا یہی شرطِ وفا ہے ؟

حبہ خاتون کے آنسو تھمنے میں نہیں آتے

اے میرے محبوب، میں تیرے لئے پھولوں کا گجرا بناؤں گی

چھاو میأنی دأنے پوش

میٹھہ کرٕہ ژٕنی کیٚتھ پوشہِ دَسوانےَ

چھاو میأنی دأنے پوش

بہٕ چھسےَ زمین، ژٕہ چھکھ اَسمانےَ
ریٖرس ژٕہ چھکھ سَرٕہ پوش
بہٕ چھسےَ نعمت، ژٕہ چھکھ اَسمانےَ

چھاو میأنی دأنے پوش

لأگ گٕرِ منٛز ژٕونگ زاجانےَ
بالے رٕوٗدُس نہٕ ہوش
ژٕہ چھُہم شمع، بہٕ چھس پروانےَ

چھاو میأنی دأنے پوش

میرے پھولوں سے لابھ اُٹھا!

میں نے تیرے لئے پھولوں کے دستے بنائے

میرے پھولوں سے لابھ اُٹھا!

میں تیری دھرتی ہوں اور تُو میرا آکاش ہے
تُو میرے بھیدوں (کی ہانڈی) کا ڈھکنا ہے
میں تیری لذیذ نعمت ہوں اور تُو میرا عزیز مہمان

میرے پھولوں سے لابھ اُٹھا!

لیلیٰ نے اندھیرے میں دِیا جلایا تھا
بے چاری ہوش (زندگی) سے ہاتھ دھو بیٹھی
تُو میری شمع ہے اور میں تیرا پروانہ ہوں

میرے پھولوں سے لابھ اُٹھا!

زَژھہ زَژِھہ رٮ۪ٚتہٕ کول چھُمَ سورانٔے
برَہٕ ماگژھن اَچھِہ پوشش
گُنہٕ حتہٕ بُلبُلہٕ یتہٕ اکہٕ آنٔے

چھاو میأنی دأنٔے پوشش

بم تے زِلہٕ چھس سوزہٕ وایانٔے
دِلہٕ نی تھوو تھَسم نہٕ ہوش
کم کیاہ گوہٕ یو یمہٕ میٚانہٕ وانٔے

چھاو میأنی دأنٔے پوشش

رنگہٕ رنگہٕ تھٔری اُمی کرٲلن یانٔے
بیُون بیُون کوٚر نکھ نقوش
کینہہ دراےہِ ہُلی گُلی کینہہ جانانٔے

چھاو میأنی دأنٔے پوشش

ژأرِتھ اُنی مے چھمبہٕ میانٔے
جانانہٕ میہہ ہو روش
حبہٕ خوتونہٕ رُودُم ارمانٔے

چھاو میأنی دأنٔے پوشش

(جوانی کی) بہار دھیرے دھیرے گذر رہی ہے
کہیں یہ چمپا کے پھول مُرجھا نہ جائیں
اے میری بُلبل کسی بہلانے گھڑی بھر کے لئے آ

میرے پھُولوں سے لابھ اُٹھا!

میں بڑے چاؤ سے ساز چھیڑتی ہوں
لیکن تُونے کبھی یہ میرے نالے نہ سُنے
تُونے میرے یہاں کس چیز کی کمی پائی!

میرے پھُولوں سے لابھ اُٹھا!

اس کمہار (خُدا) نے طرح طرح کے برتن بنائے
ہر ایک پر جُدا جُدا نقّاشی کی!
کچھ تو اچھے نِکلے اور کچھ ٹیڑھے میڑھے

میرے پھُولوں سے لابھ اُٹھا!

میں نے تیرے لئے بڑی تلاش کے بعد
اے میرے محبُوب مجھ سے نہ رُوٹھ!
حبہ خاتون کے دِل میں تیری تڑپ ہے

میرے پھُولوں سے لابھ اُٹھا!

ژہہ کیہو گیی میانی دی

ژہ کیمو سو نہ میانہ بزیم دِتھ نیو نکھو

ژہہ کیہو گیی میانی دی

ژکھ تراو دی ملالہ وہ ندہ چھوی نا ایوان

ژہہ کیہو گیی میانی دی

نیصف راتن بر دُتھی تراو میو

سا تھا یکھنا ژی

پھیرہ چھونہ کینہہ تہ پھیرہ چھک پا دان

ژہہ کیہو گیی میانی دی

مجھ سے یہ نفرت کیوں؟

تجھے میری کون سی سوکن نے فریب دے کر اپنا لیا
مجھ سے یہ نفرت کیوں، اے محبوب!
کیا تیرا دل یہ غصہ و نفرت چھوڑنا پسند نہیں کرتا
مجھ سے یہ نفرت کیوں، اے محبوب!
آدھی رات کو میں نے تیرے سلئے دروازہ کھلا چھوڑا
(اے کاش) تو ایک ہی لمحے کے لئے آ جاتا!
ہم دونوں ایک ہیں، لیکن تو ہے کہ دوئی پیدا کرتا ہے
مجھ سے یہ نفرت کیوں، اے محبوب!

مَدَن وارو بَدَن زو لبتھسَم
گو ژہ ہمَ میٔہہ آدَن ژِ ژی
بادَم چشمو خوُن چھسیا ہاران

ژِ یۂہ کیٔھو گیی میائی ڑِ ی

شرٰاوُن شِین زن بہ گلان آیسَ
باغس پھوٗچس بو ہی
چِیٔو نوُی باغ تےَ ژِ ی وَلو چھاوان

ژِ یۂہ کیٔھو گیی میائی ڑِ ی

زن لِہ چھمَ ناایوان مولِہ چھک والان
غم چھسُم دائرنجہ سوُی
زٕنہٕہٕ چھکٕ دِدٕوُمُت سینہ شہلاوان

ژِ یۂہ کیٔھو گیی میائی ڑِ ی

تن چھس ناوان جامہ چھس پارَان
ہاوان چھسیا چیائی ڑِ ی
نینِس یانس گرایہ چھک ماران

ژِ یۂہ کیٔھو گیی میائی ڑِ ی

اے میرے محبوب تو نے مجھے بھسم کر کے رکھ دیا

مجھے صرف ایک تو ہی چاہیئے

میں تیرے لئے بادام ایسی آنکھوں سے خون رو رہی ہوں

مجھ سے یہ نفرت کیوں، اے محبوب!

میں (تیری جدائی میں) ساون کی برف کے مانند پگھل گئی

میں باغ میں جوہی کے پھول کی مانند کھلی ہوں

آ کہ یہ باغ تیرا ہے اور تو ہی اس سے لابھ اٹھا

مجھ سے یہ نفرت کیوں، اے محبوب!

مجھے تیرے بغیر نیند نہیں آتی، لیکن تو اس سے بے پروا ہے

اس بات سے میرے دل کو بہت بڑا دکھ ہے

کبھی اس جلتی ہوئی چھاتی کو ٹھنڈک تو پہنچا

مجھ سے یہ نفرت کیوں، اے محبوب!

میں تیرے لئے نہا دھو کر سولہ سنگار کر رہی ہوں

(اور یہ) میں تیری قسم کھا کر سچ کہتی ہوں

(لیکن تو) اپنے آپ پر نازاں مجھ سے بے نیاز ہے

مجھ سے یہ نفرت کیوں، اے محبوب!

اڈش چھس ترٛاواں بہٕ ژالہٕ ژالے

میٛیہہ بالہٕ گوٚژھہ ہم ژٕری

ژٕہ کوو ؤتہٕ میٛانہٕ آکھ مُشراوان

ژٕیہ کیہٕو گیی میانٕی دٕی

حبہ خوتوٗن چھےَ ارمان کھیوٚان

کرُمےَ تہٕ زنہٕ بند گی!

یادُن رودمُت چھُم یاد اِیوان

ژٕیہ کیہٕو گیی میانٕی دٕی

بیربل کاچرو کا یہ بیان بعد کے تمام وقائع نگاروں سے کہیں زیادہ معتبر ہے کیونکہ روایت جتنی پرانی ہو، اتنی ہی حقیقت کے زیادہ قریب ہوگی۔ بعد میں امتدادِ زمانہ سے اصل حقیقت پر انسانی تعریف کی اتنی موٹی تہیں جم جاتی ہیں کہ ان کو کریدنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ اس تحریر کے کوئی ساٹھ ستر سال بعد حسن کویہامی اپنی مشہور تاریخ میں چند اور باتوں کا انکشاف کرتا ہے:۔

"کہتے ہیں کہ وہ گلعذار پرگنہ دمہو (پانپور) کے چندہار گاؤں کے ایک زمیندار کی لڑکی تھی۔ اس کی شادی ایک آوارہ مزاج اور قلاش آدمی سے ہوئی تھی۔ اپنے خاوند کی اس اوباشی کے باعث اس کی سسرال والوں سے بن نہ گئی[1] اور بات میاں بیوی کی علیحدگی پر ختم ہوگئی۔ ایک دن راہ چلتے یوسف شاہ کی نظر اس پر پڑی جب کہ وہ مقامِ عراق پر کوئی کشمیری گیت گا رہی تھی[2]۔ اس کے ہوش جاتے رہے۔ چناں چہ دوسرے دن اس کے ماں باپ کو بے انتہا مہربانیوں سے سرفراز کر کے اس نازنین صورت کو اپنی ہم بستری سے عزت بخشی۔" (فارسی سے ترجمہ)

ان روایات پر مبنی مختصر اور متضاد بیانات کے بعد ۱۹۴۰ء میں محمد دین فوق نے اپنی اردو تالیف "خواتینِ کشمیر" میں پہلی بار حبہ خاتون کی سوانح پر تفصیل سے بات کی ہے جس کا ماحصل یہ ہے:۔

"چندہار کے گاؤں میں ایک کسان عبدی راتھر رہتا تھا۔ اس کے یہاں ایک لڑکی پیدا ہوئی۔ جس کا نام اس نے "زون" رکھا۔ اس کی

[1]، [2] بیربل کاچرو کا بیان ان دونوں باتوں سے متعلق بالکل مختلف ہے

میں اولے کے دانے اتنے موٹے آنسو رو رہی ہوں
مجھ دکھیاری کو بس تو ہی چاہیئے
نہ جانے تو میری راہیں کیوں بھلا رہا ہے

مجھ سے یہ نفرت کیوں ، اے محبوب!

حبہ خاتون (اب) کفِ افسوس مل رہی ہے
کہ اُس نے کبھی تیری بندگی (خدمت) نہ کی
اُسے اپنی بیتی ہوئی جوانی یاد آرہی ہے

مجھ سے یہ نفرت کیوں، اے محبوب!

چاڙه ڪرُو مِيُون مارِينوٌ

وآرِي وِڻين سِيتو داڙه ڇهَس نو

چاڙه ڪرُو مِيُون مارِينوٌ

گهرِ بُ ڌرايس آيہ نِٽس
نوٹ مِيہہ ڇُٽمو مارِينوٌ
ياتہ دِيتو نَٽِ نوٹا نَتہ
هاڙه نَٽِ چے مارِينوٌ

وآرِي وِڻين سِيتو داڙه ڇهَس نو
چاڙه ڪرُو مِيُون مارِينوٌ

شُورِي پانَس سِندر گيُ مو
وُڈرکمُس گُڈر پيُوم

اے میرے میکے والو!

میری سسرال والوں سے بن نہیں جاتی
میرا کوئی چارہ کرو، اے میرے میکے والو

میں گھر سے پانی کا گھڑا بھرنے کو نکلی تھی
میری حرماں نصیبی سے میرا گھڑا ٹوٹ گیا
اب یا تو گھڑے کے بدلے گھڑا لا کے دو
یا پھر گھڑے کی قیمت چکا کے جاؤ

میری سسرال والوں سے بن نہیں جاتی
میرا کوئی چارہ کرو، اے میرے میکے والو

میری یہ ابھرتی ہوئی جوانی ڈھلنے لگی
ان ٹیلوں کی چڑھائیاں مجھ سے سہی نہیں جاتیں

کترِہ ژھاران کتر سئنی مو
دِترِہ نوٗن پیٚوم مالینیوٚ

واآری وٚین سئیتی وارِہ چھس نو
چارِہ کرُو میوٗن مالینیوٚ

ہَشہِ لاگئی نمَ ٹوٚپی دِسی تھف
سُوی میٚہہ گو مَر نہٕ کھوتہ سِنح
پندرِہ پچہَ پیٚٹھ نِندر پیمٚو
ژٕکھر چھٹُمٚو مالینیوٚ

واآری وٚین سیتی وارِہ چھس نو
چارِہ کرُو میوٗن مالینیوٚ

یارِہ دادے تارِہ گیٚو سو
یارِہ بُکھ چھُسم آمہ توٗمی
حبہ خوتوٗنہِ دوٚن اِشارا
دِل ہُشارا مالینیوٚ

واآری وٚین سیتی وارِہ چھس نو
چارِہ کرُو میوٗن مالینیوٚ

کنکریاں تلاش کرتے کرتے میرے پاؤں پر چھالے پڑ گئے

آہ کہ میرے زخموں پر نمک چھڑکا جانے لگا

میری سسرال والوں سے بن نہیں جاتی

میرا کوئی چارہ کرو، اے میرے میکے والو

چرخہ کاتتے کاتتے میری آنکھ لگ گئی

اسی میں چرخے کی مال ٹوٹ گئی

میری ساس نے مجھے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹ لیا

یہ دکھ میرے لئے موت سے کہیں سوا ہے

میری سسرال والوں سے بن نہیں جاتی

میرا کوئی چارہ کرو، اے میرے میکے والو

میں اپنے محبوب کے لئے بیکل ہو رہی ہوں

یہ زندگی مجھ پر اجیرن ہو گئی ہے

حبہ خاتون کے اس اشارے کو سمجھو

اے میرے بیدار دل میکے والو

میری سسرال والوں سے بن نہیں جاتی

میرا کوئی چارہ کرو، اے میرے میکے والو

نیرِہ یار ژھانڈون

نیرِہ نیرِہ شہ دَے یار ژھانڈون

دیرِہ پِننِہ شیَیے

مَنِہ دِی یَنِہ میأُنی گیِہ مَے

تَنِہ مُٹھ سَے لَیے

ژُونِہ چَچِہ سِی گَگُڈ گیِہ مَے

تمُو رُژھنَم بیے

کو سہ یَہ زُنی پَے یَس دڑ ایس

رُو دُم پَردِہ شیَے

کارِہ لاَئی نمَ نارِہ کرتِل

دارِہ اوُش چھُم جوُبیے

آ، اُس کی تلاش کریں

اے سہیلی آ، اُس محبُوب کی تلاش کریں

وہیں جانی پہچانی پُرانی جگہ

جب سے وہ مجھ سے کھچا کھچا رہنے لگا

جب سے وہ مجھے بھُول گیا ہے

میری چاندنی راتیں، گھور اندھیرے میں بدل گئیں

آہ کہ اُس نے اوروں کو اپنالیا

نہ جانے وہ میری کس سوکن کے بہکاوے میں آ گیا

اور اجنبی جگہوں میں راتیں گذارنے لگا

اُس نے میری گردن پر جیسے شمشیر کا وار کیا

میری آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی بہہ رہی ہے

سُئنز تہٕ وۄنہ گنزٕ ڈُنی بُہٕ دِمہٕ ہے
رُدُم کنتھ سَن شیٚے

لاگٕن نیاٰ یَس کرٕ کیاٰہ وٕشی
بَرٕ گُرنَس ہِمیے

گگہٕ بادَمن لُج ماپھُلیاہ
وُچھنہٕ کوٚنہٕ یِیے

بالِہ تمٕ سُند خالِہ یوٗسُف
سور عالَم لَیے

مَس دِیُو تمَن کلٕ والِن
حیٚنس پھیُورم مینٛہ یے

کَس نِشہٕ وَنہٕ حبہٕ خوتوٗن
تَس تہٕ داماہ وَیِلے

میں اُس کو ہر بلند و پست میں ڈھونڈوں گی
نہ جانے کس نے کہاں ڈیرا ڈالا ہے
قسمت کے لکھے ہوئے کو کیا کیا جائے، سہیلی!
آہ کہ میں چنبیلی مُرجھا رہی ہوں!
میری جوانی پر بہار لوٹ رہی ہے
کاش وہ اس کا نظارہ کرے
میری نظر میں اُس کی یُوسف کی سی صورت
سارے سنسار سے کہیں زیادہ انمول ہے
ساقی نے مجھے ایسی شراب پلائی
کہ میرا انگ انگ جاگ اُٹھا
حبہ خاتون کسی کے سامنے کیسے کہے
کہ وہ ایک گھونٹ شراب کی رسیا ہے

اکِہ لٹِہ یِیہ ہمَنا

گہہَ چیون پیّوان گڑِ

اکِہ لٹِہ یِیہ ہمَنا

یاوِژ میانہِ کرِہ مزِہ پٹھہ
کِمیُو داہہِ رنگنَے آکھ
میٖھہ نو زون اُتھر ژڑِہ

اکِہ لٹِہ یِیہ ہمَنا

آبس بو وُژھس گٹھِہ
نوٗٹ موٗٹھ میٖھہ یارہِ بل
وِذرہِ واہِہ نوٗٹ ما فُٹِہ

اکِہ لٹِہ یِیہ ہمَنا

خوبصورتی کا یہ عالم تھا کہ لوگ اُسے دُور دُور سے دیکھنے آتے۔ غریب باپ نے پہلے تو پانچ سال تک اسے گاؤں کے ایک ملّا کے پاس قرآن شریف پڑھایا۔ پھر امامِ مسجد کو اُس کی عربی اور فارسی تعلیم کے لئے اتالیق مقرر کیا۔ ایک ایسے گھر میں جہاں اس کے سِوا کوئی بھی شخص الف بے سے بھی واقف نہ تھا، اس کا مذہبی و اخلاقی علوم پر مہارت حاصل کرنا لوگوں کی چہ میگوئیوں کا موضوع بن گیا۔ عبدی راتھر نے اپنی بیٹی کی ان علمی ترقیوں سے خائف ہو کر، خاص کر جبکہ دُور دُور سے عالم و فاضل اس سے مِلنے آتے، اُس کی شادی اپنے ہی خاندان کے ایک نوعمر لڑکے سے کر دی۔ یہ لڑکا نہ صرف اَن پڑھ تھا بلکہ حد درجہ بد اخلاق بھی۔ زُونؔ نے اپنی ساس اور سُسر کے طعن و تشنیع کے باعث کتابوں کا مطالعہ چھوڑ دیا اور عملی طور پر کھیتی باڑی میں جُت گئی۔ لیکن اس کے حساس دِل کو جو صدمہ پہنچا وہ کشمیری اشعار کی صورت میں ظاہر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ ایک دِن زُونؔ نے ایک صوفی خواجہ مسعود کو اپنے مصائب کی داستان سُنائی۔ اُس نے رقت و حال کے عالم میں اس کا نام "حبہ خاتون" رکھ دیا۔ ۱۵۷۱ء کی بات ہے کہ حبہ خاتون کھیت میں گوڈی کرتے ہوئے مقامِ عراق پر کوئی کشمیری گیت گا رہی تھی کہ یوسف شاہ کا وہاں سے گذر ہوا۔ وہ اس پر فریفتہ ہوگیا اور اسے اس کے شوہر سے پانچ ہزار دِرہم کے عوض طلاق دِلوا کر اپنی ازدواجیت میں لایا۔ اُس وقت یوسف شاہ کی عمر ۲۸ اور حبہ خاتون کی ۲۹ سال کے قریب تھی۔ اس کے بعد حبہ

کاش وُہ آئے!

تیرا حُسن تاریکی کو روشنی بخشتا ہے

کاش تو گھڑی بھر کے لئے آجائے!

اے میری جوانی کے لال لال اُودنی لبادے

تُونے یہ رنگ کہاں سے پایا ہے؟

مجھے کیا معلوم تھا کہ تجھے بھی دیمک لگ جائے گا

کاش وہ گھڑی بھر کے لئے آجائے!

میں اندھیرے میں پانی بھرنے کو گئی تھی

کہ پنگھٹ پر اپنا گھڑا بھول آئی

خطاؤں کی آندھی سے کہیں گھڑا ٹوٹ نہ جائے

کاش وہ گھڑی بھر کے لئے آجائے!

ہو ودِہ لآل دزایس گٹہٕ
ژُورِہ بارے پیوٗمو ناو
کنن سو ن تہٕ لدٕ رہٕ مٹہ

اکہٕ لٹہٕ ییہٕ ہمنا

یار میوٗن چھُہ جما لہٕ
کمال تس چھُم ناو
شُہ چھُم تتہ بہ کس مٹہٕ

اکہٕ لٹہٕ ییہٕ ہمنا

یار یلہٕ یارٕز ژٕ ٹہٕ
مارے ہٕ روزاں ساگر
یارِہ دادہٕ وانٕج فٹہٕ

اکہٕ لٹہٕ ییہٕ ہمنا

رات گئے میں اپنے سسرال سے باہر نکلی تھی
کہ مجھے چوروں میں شمار کیا جانے لگا!
چور — جسے کانوں میں سونا اور گلے میں ہار ہے
کاش وہ گھڑی بھر کے لئے آجائے!

میرا محبوب "جمالٹہ"[1] میں ہے
اور اس کو کمال نام سے پکارتے ہیں
اس نے مجھے کس کے سہارے چھوڑ دیا
کاش وہ گھڑی بھر کے لئے آجائے!

دوست جب دوستی سے باز آئے
تو محبت بھی سالم نہیں رہتی
لیکن میری تو دوست کے لئے جان نکل رہی ہے
کاش وہ گھڑی بھر کے لئے آجائے!

[1] سری نگر کے ایک مشہور محلّے کا نام ہے

گِنڈہ نے دْرایَس

گِنڈِہ نے دْرایَس تُورِی گِیہٕ سہٕ رَسِت

دوٗہ دَرِہ یامَت لوٗسِت گوم

کَرِہ منْزٕ آسَس بُرقع کَسِت

بَرِہ یِلہِ دْرایَس ؛ لوٗگم نٔد

وَنٕہٕ کی تیپہٕ رٕشی تیپہٕ آیہِ وَسِت

دوٗہ دَرِہ یامَت لوٗسِت گوم

وانَس اوسُم مالا زٕیسِت

سورُوی عالَم وُچھنے دْرام

مال یِلہِ روٗدُم مول گوم وَسِت

دوٗہ دَرِہ یامَت لوٗسِت گوم

دِن ڈھل چُکا

میں کھیلتے کھیلتے خود کو ہی کھو بیٹھی

آہ کہ دِن ڈھل چُکا !

جب میں گھر میں تھی تو پردہ کئے ہوئے تھی
گھر سے باہر نِکلی تو میرا نام چاروں اور پھیل گیا
بڑے بڑے تپسیا کرنے والے مجھ پر لوٹ پوٹ گئے

آہ کہ دِن ڈھل چُکا !

میری دُکانِ حُسن مال و متاع سے بھری پڑی تھی
دُنیا بھر کے گاہک میرے پاس کھِنچے چلے آتے تھے
جب وہ متاع نہ رہی تو میری قدر و قیمت بھی جاتی رہی

آہ کہ دِن ڈھل چُکا !

مالنز میاًنِی اَر بابء اُسِی
توَسے دڈام حبّہ نحو توُنَ ناد
کم کم گوہ نذَر آسیلے ژنٗیسِت

دوہ دَرِہ یامَت ئوُسِت گوم

میرے میکے والے اپنے وقت کے رُوساؤں سے تھے

اسی لئے میرا نام حبہ خاتون مشہور ہو گیا

کیا کہوں کہ مجھ پر کیسے کیسے لوگ جان چھڑک رہے تھے

آہ کہ دِن ڈھل چکا!

واتی کیاہ میانہٕ مرنے

رَہ بخشتم ساٗرِی پرورِدگارو

ژٕ یٚہہ کیٚہو واتہِ یو میانہٕ مَرنے

ہنینہٕ بو آسس دیٚن کیٚہو برٕہ یو
وٚنینہٕ کوٗی زنگ گوم خاصہٕ بَرے
یوٗلہِ سوٗہی ہتھو وتھمو لَکہٕ وٗن نارو

ژٕ یٚہہ کیٚہو واتہِ یو میانہٕ مَرنے

لڑٕی لڑٕی دراہمو مال کھچالو
ژٕھرہِ اَتھہٕ ساوٕہ نے کَرہ قبرے
اَدٕہ کونہٕ مَدٕہ وٕدتھہَو لوکہٕ چارو

ژٕ یٚہہ کیٚہو واتہِ یو میانہٕ مَرنے

تجھے کیا مِلے گا ؟

میری خطاؤں پر نہ جا، اے میرے خُدا
تجھے میری موت سے کیا مِلے گا، اے محبُوب !

میں اس مصیبت میں تیرے بغیر دِن کیسے گذاروں
مجھ ریحاں ایسی صورت کا رنگ پھیکا پڑ گیا !
تُو نے میرے دِل میں یہ کیسی آگ لگا دی
تجھے میری موت سے کیا مِلے گا، مرے محبُوب !

تُو یہ دُنیا بھر کی دولت کہاں لادے پھر رہا ہے
کل تجھے خالی ہاتھ قبر میں لِٹا دیا جائے گا
اے میری جوانی تُو پھر ہوش میں کیوں نہیں آتی !
تجھے میری موت سے کیا مِلے گا، اے محبُوب !

ریبپارہ ترٛاٛمہ مرہ پرٛیم اکِہ آ نو
پھیرِہ نو کُنہِ گوم زیرہ زَبرے
عشقُن خط کاٗنِہ پوٗر نہ یک بارد

زٕنہہ کہنو واتہ یومیانہ مرنے

خاتون نے چودہ سال تک ملکۂ کشمیر بن کر شاہانہ زندگی بسر کی۔ یوسف شاہ راگ رنگ اور نغمہ و سرود کا بے حد دِل دادہ تھا اس کے دربار میں کئی ماہرِ فن موسیقار تھے جن کی تربیت سے حبہ خاتون نے تھوڑے عرصہ میں فنِ موسیقی پر عبور حاصل کیا۔ پھر ان ہی موسیقاروں کی مدد سے فارسی موسیقی کے اصول و قواعد مرتب کئے اور اپنی کشمیری غزلیں جو کہ فارسی طرز پر[1] تھیں اس میں شامل کر لیں۔ ۱۵۸۵ء میں جب اکبرِ اعظم نے کشمیر کو فتح کیا اور یوسف شاہ کو گرفتار کر کے بنگال میں نظر بند کیا اُس وقت مغل گورنر نے حبہ خاتون کی گرفتاری کا پروانہ بھی جاری کیا تھا۔ مگر وہ اس حکم سے پہلے ہی محلاتِ شاہی چھوڑ اور فقیرانہ لباس پہن تارکُ الدنیا ہو گئی اور پاندہ چھوک کے مقام پر دریائے جہلم کے کنارے اپنی کُٹیا بنا لی۔ کچھ مدّت کے بعد اس دُنیا سے رخصت ہو کر اسی جگہ دفن ہو گئی[2]۔"

یہ حالات فراہم کرنے میں حضرت مہجور[3] مرحوم محمد دین فوقؔ کے معاون تھے۔ جس کا اعتراف مؤلف نے اس مضمون کے تحت نوٹ میں کیا ہے۔ مرحوم مہجور

[1] فارسی طرز سے اگر "فارسی بحور" مراد ہے تو یہ بات حبہ خاتون کے گیتوں پر صادق نہیں آتی

[2] فوقؔ نے تاریخ بہارستانِ شاہی "کی بُنیاد پر حبہ خاتون کی تاریخ پیدائش کا تعین ۱۵۴۱ سے ۱۵۵۲ء کے درمیان کیا ہے اور عمر کا تخمینہ ۵۶، ۵۷ سال لگایا ہے لیکن مجھے اس تاریخ میں اس تاریخِ پیدائش کی بات تو الگ رہی حبہ خاتون کا ذکر تک نہ ملا۔ یہ تاریخ ۱۵۸۶ - ۱۶۱۴ء کے درمیان کی تحریر ہے

[3] غلام احمد مہجور جدید کشمیری شاعری کے پیشرو تھے۔ ۱۹۵۲ء میں وفات پا گئے۔

تجھے میری موت سے کیا مِلے گا، اے محبوب!

منتخب کشمیری منظومات

کلچرل اکادمی جموں و کشمیر

Printed at Jayyed Press, Ballimaran, Delhi-6.

کی اس معاونت کی اساس کسی تاریخی شہادت پر نہ تھی بلکہ جیسا کہ بتایا جاتا ہے اُنہوں نے بھی عام روایت کو یہ ایک خاص ترتیب دے دی تھی۔ بہرصورت مہجور مرحوم اور محمد دین فوقؔ کی اس ترتیب دی ہوئی کہانی کو حبہ خاتون کی سوانح کے طور پر اندرون و بیرون کشمیر میں تشہیر مل گئی۔

اس ضمن میں یہ بات دِل چسپی سے خالی نہ ہوگی کہ آزاد مرحوم[1] نے ۱۹۴۲ء میں اپنی "کشمیری زبان اور شاعری"[2] میں حبہ خاتون کی سوانحی حالات کے متعلق حسن کھویہامی کے بیان پر صرف اتنی ایزادگی کی ہے کہ حبہ خاتون کا اصل نام "زُون" اور اُس کے شوہر کا نام عزیز لون تھا۔ حالاں کہ اُنہوں نے اس کی تحقیق کے سلسلے میں یہاں کا گاؤں گاؤں چھان مارا تھا۔

درحقیقت اس زُون نام کی بُنیاد حبہ خاتون کے اس شعر پر رکھی گئی ہے :۔

اُسہ بِہ واں نالہ دِواں گرٔہنہ متھ ژوگ زُونہِ تے

(میرے والدین افسوس کرتے رہے کہ ہمارے "چاند"[3] کو گہن لگ گیا ہے)

اس کے چندہار گاؤں کی ہونے کا قیاس اس شعر پر کیا گیا ہے :۔

مالِیُون میُون "پیٹھ ژندہ ہارہٕ"[4] چھُیے

(میرا میکہ "چندہار بالا" ہے)

باقی کہانی بیربل کاچرو اور حسن کھویہامی کے بیانات پر بڑے تکلفانہ انداز

[1] عبدالاحد آزاد۔ جدید کشمیری شاعری کے ایک عظیم شاعر تھے۔ ۱۹۴۸ء میں وفات پا گئے

[2] جموں و کشمیر کلچرل اکادمی اس کتاب کو تین جلدوں میں شائع کر رہی ہے

[3] "زُون" کشمیری میں "چاند" کو کہتے ہیں

[4] مجھے شبہ ہے کہ یہ گاؤں پرگنہ وُہیو (پانپور) ہی کا چندہار ہے